نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو سے پیسٹی سائیڈز انڈسٹری کے مالکان کی ملاقات

کپاس کی کاشت ودیگر نگہداشتی امور بارے تکنیکی معاونت فراہم کرنے کی پیش کش

لاہور:22اپریل 2024: (   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو سے پیسٹی سائیڈ زانڈسٹری کے مالکان کی ملاقات ۔ملاقات میں پیسٹی سائیڈ انڈسٹری کے مالکان نے کپاس کی بحالی کیلئے تجاویز پیش کیں ۔پرائیویٹ سیکٹر مالکان نے کپاس کی کاشت و دیگر نگہداشتی امور بارے تکنیکی معاونت فراہم کرنے کی پیش کش کی ۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے پرائیویٹ انڈسٹری مالکان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کپاس کی کاشت وپیداوار کے ہدف کے حصول کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز کو سخت محنت کرنے کی ضرورت ہے ۔انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت گزشتہ سال سے زیادہ محنت ولگن سے کپاس کی مہم کو چلائے گا۔کپاس کے سیزن میں کاشتکاروں کو فصل کی نگہداشت بارے مرحلہ وار ایڈوائزری جاری کی جائے گی ۔کاشتکاروں تک کاٹن ایڈوائزری پہنچانے کیلئے تمام ذرائع ابلاغ استعمال کئے جائیں گے ۔ذرائع ابلاغ میں خصوصاً سوشل میڈیا کا استعمال زیادہ موثر انداز میں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز صرف محکمہ زراعت کے پلیٹ فارم سے جاری کردہ کاٹن ایڈوائزری کاشتکاروں تک پہنچانے کے پابند ہونگے ۔انہوں نے پرائیویٹ انڈسٹری کے مالکان سے کہا کہ تحصیل اڈاپشن پروگرام کیلئے زیادہ سے زیادہ ٹیکنیکل سٹاف کو متعلقہ الاٹ کردہ تحصیل میں ڈیوٹی پر مامور کیا جائے ۔انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کی فیلڈ فارمیشنز کو کاشتکاروں تک فنی رہنمائی پہنچانے کیلئے پہلے ہی خصوصی ٹاسک سونپ دیا گیا ہے ۔یکم مئی سے محکمہ زراعت کے فیلڈ عملہ کی فیلڈ سرگرمیوں کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ بھی شروع کی جارہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ انڈسٹری مالکان سے توقع ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں بہترین انداز میں نبھائیں گے تا کہ صوبہ میں کپاس کی فصل سے مطلوبہ نتائج حاصل کئے جاسکیں ۔انہوں نے کہا کہ میں امید کرتا ہوں کہ آج کے اجلاس میں کپاس کے کاشتکاروں کی فلاح کیلئے محکمہ زراعت وپراؤیٹ سیکٹر کے مابین ہونے والے فیصلوں پر من وعن عملدرآمد کیا جائے گا۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے اپنے اختتامی کلمات میں انڈسٹری مالکان کی پیش کش کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس سے حوصلہ افزا نتائج برآمد ہونگے جس سے نہ صرف کاشتکار خوشحال ہوگا بلکہ ملکی معیشت کو بھی استحکام ملے گا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل کی سربراہی میں کنسلٹنٹ ڈاکٹر انجم علی اور ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول ڈاکٹر عامر رسول پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جو پرائیویٹ سیکٹر سے مذاکرات کرکے تحصیل اڈاپشن پروگرام کو حتمی شکل دے گی ۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل ،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ پنجاب ڈاکٹر عامر رسول، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، آصف مجید، ڈاکٹر شفیق پتافی ،جاوید سلیم قریشی ،سعد اکبر خان ،محمد اعظم چیمہ اور ڈاکٹر رشید سمیت دیگر نے شرکت کی۔

☆☆☆☆